## پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس پر صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، پارٹی کے چیئر پرسن بلاول بھٹو زرداری، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کو ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی دلی مبارکباد

## ملک میں جمہوریت کیلئے ذوالفقار علی بھٹو شہید، شہید چیئر پرسن محترمہ بینظیر بھٹو، شاہنواز بھٹو شہید، مرتضیٰ بھٹو شہید اور پیپلز پارٹی کے شہید کارکنوں نے جو قربانیاں دی ہیں اس پر ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔25 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس پر پیپلز پارٹی کے شریک چیئر پرسن اور صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، پارٹی کے چیئر پرسن بلاول بھٹو زرداری، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کیلئے پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو شہید، شہید چیئر پرسن محترمہ بینظیر بھٹو، شاہنواز بھٹو شہید، مرتضیٰ بھٹو شہید اور پیپلز پارٹی کے شہید کارکنوں نے جو قربانیاں دی ہیں اس پر ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور جمہوریت کیلئے محنت و لگن سے کام کرنے والے کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

## قومی اسمبلی میں انسانی اعضاء کی پیوند کاری کے بل کی منظوری میں ایم کیو ایم کا بڑا اہم کردار ہے، ڈاکٹر ادیب حسن رضوی

## یہ بل پاکستانیوں کیلئے قابل فخر ہے جس سے ہزاروں مریضوں کے عضو خراب ہونے سے بچ جائینگے

## دنیا بھر میں انسانی عضو کی فروخت کے حوالے پاکستان کے خلاف منفی تاثر بھی ختم ہوجائے گا

## ڈاکٹر محمد فاروق ستار کے نام خط میں اظہار خیال

کراچی۔۔۔25،نومبر 2009ء

ٹرانسپلنسی سوسائٹی پاکستان کے صدر اور معروف ڈاکٹر ادیب الرضوی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ سے انسانی اعضاء کی پیوند کاری کے بل کی منظوری میں ایم کیو ایم کا ایک بڑا اہم کردار ہے۔انہوں نے قومی اسمبلی میں انسانی عضو اور ٹشوں کی تبدیلی کا بل کو پاس کرانے میں متحدہ قومی موومنٹ کے کردار کو سراہا اور ایم کیو ایم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قانون تمام پاکستانیوں کیلئے قابل فخر ہے جس سے ہزاروں مریضوں کے عضو نہ صرف فیل ہونے سے بچ جائینگے بلکہ ان کی قیمتی زندگیوں کو بروقت بچایا جاسکتا ہے۔قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر وحق پرست وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار کے نام لکھے گئے اپنے ایک خصوصی خط میں ڈاکٹر ادیب رضوی نے انسانی اعضاء کی پیوند کاری کے بل پر ایم کیو ایم کا اشکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ بل گزشتہ بیس سالوں سے زیر التواء تھا جس کو ایم کیو ایم کی حق پرست قیادت نے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے پارلیمنٹ سے منظور کرایا اور یہ فیصلہ ایک زبان ہوکر کیا گیا جو پاکستان کی قانون سازی میں ایک تاریخی حیثیت رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ بل کے منظور ہونے سے غریب عوام کا استحصال بند ہوجائیگا اور دنیا بھر میں پاکستان کی انسانی عضو کے بازار سے مشہور حیثیت ختم ہوجائیگی۔

## شر پسند وکلاء وکالت کے معزز پیشے پر دھبہ ہیں، رابطہ کمیٹی

## لاہور سیشن کورٹ میں شر پسند وکلاء کی جانب سے دنیا ٹی وی کے رپورٹر اور کیمرہ مین پر بدترین تشدد پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔25،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سیشن کورٹ لاہور میں شر پسند وکلاء کی جانب سے دنیا ٹی وی کے رپورٹر اشفاق اور کیمرہ مین عرفان رشید کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور آزادی صحافت کے منافی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دنیا ٹی وی کے رپورٹر اشفاق کیمرہ مین عرفان رشید کے ہمراہ لاہور سیشن کورٹ میں اپنے فرائض منصبی کی انجام دے رہے تھے کہ انہیں وہاں موجود وکلاء نے پکڑ کر بہیمانہ تشدد کا نہ صرف نشانہ بنایا بلکہ ان کا کیمرہ بھی چھیننے کی کوشش کی۔رابطہ کمیٹی نے وکلاء برادری کی جانب سے اس قسم کی واقعات ملک بھر کے عوام خصوصاً خود وکلاء برادری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس سے قبل بھی وکلاء کی جانب سے صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاچکا ہے اور شر پسند وکلاء جس طرح سے اپنی پر تشدد کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں اس سے ہر ذی شعور شخص یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو قانون

سے بالاتر سمجھ رہے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وکلاء برادری میں بعض ایسے عناصر موجود ہیں جو منظّم انداز میں وکالت کے معزز شعبہ پر نہ صرف دھبہ لگا رہے ہیں بلکہ دنیا بھر میں وکلاء برادری کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صحافیوں پر تشدد بھی انہی وکلاء کی کارروائی ہے جو آزادی صحافت پر کھلی قدغن لگانے کے مترداف ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ دنیا ٹی وی کے رپورٹر اور کیمرہ مین پر شر پسند وکلاء کے تشدد کا فوری نوٹس لیا جائے ،شر پسند وکلاء کے خلاف قانون کے مطابق فی الفور کارروائی عمل میں جائے اور اس قسم کی گھناؤنی کارروائیوں کے سدباب کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

## شہر میں ٹریفک پولیس اہلکاروں کی موجودگی کے باوجود ٹریفک جام اور حادثات میں اضافہ انتہائی حیرا کن ہے،ارکان سندھ اسمبلی

## ٹریفک قوانین کی خلاف کرنے والے ڈرائیوروں کی گاڑیاں ضبط اور لائسنس منسوخ کئے جائیں

## شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات میں متعدد افراد کی ہلاکتوں اور زخمی ہونے والے واقعات پر اظہار تشویش

کراچی ۔۔۔25،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات میں متعدد افراد کی ہلاکتوں اور زخمی ہونے کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوراہوں پر ٹریفک پولیس اہلکاروں کی موجودگی کے باوجود ٹریفک کا نظام درہم برہم اور حادثات میں اضافہ ہونا انتہائی حیرا کن ہے جبکہ دن میں پابندی کے باوجود بھی دن کے اجالے میں ہیوی ٹریفک خصوصاً کنٹینرز اور ٹرالرز کا شہر کے بیچ و بیچ سے گذرنا معمول کی بات ہے جو اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ ٹریفک پولیس اپنے فرائض خوش اسلوبی سے انجام نہیں دے رہی اور یہی وجہ جس کے نتیجے میں ٹریفک جام کی صورت میں مسافروں اور گاڑیاں چلانیوالے افراد کو شدید ذہنی کوفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ اس سے حادثات میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس منی بسیں،ٹینکر اور ٹرک چلانے والے افراد کی تیز رفتاری اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے باعث حادثات رونما ہوچکے ہیں جبکہ شہر سے گذرنے والے کنٹینز اور ٹرالر پر بھی حفاظتی اقدامات نہیں کیے جاتے اور وہ آئے دن انتہائی خطرناک حادثات کا باعث بن رہے ہیں جس میں متعدد شہریوں کی ہلاکتیں ہوچکی ہیں ۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے وزیر اعلیٰ قائم علی شاہ،صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف کرنیوالے ڈرائیوروں کی گاڑیاں ضبط اور لائسنس منسوخ کئے جائیں،غیر ذمہ دار ٹریفک پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں جائے اور ٹریفک کا نظام مزید درست اور مربوط کیا جائے۔

☆☆☆☆☆